# المَعتَلُّ العين (أجوف)

Second Radical Weak Letter (Ajwaf)

**هُوَ مَا كانت عَيْنُهُ حرف عِلَّةٍ** وہ جس کا عین کلمہ حرف علت ہو اسے أجوف کہتے ہیں۔

The one having its second radical a weak letter is called Ajwaf.

آپ پڑھ چکے ہیں کہ جس فعل کے حروف اصلی میں کوئی حرف علت ہو اُسے المعتَلُّ کہتے ہیں۔اور کسی فعل کا عین کلمہ اگر حروف علت (و، ي) ہو تو اُسے " أجوف " کہتے ہیں

You have learnt that a Fail having any of its root letters a weak letter is called AlMua'tal , and if the second radical is a weak letter then it is called Ajwaf.

## أجوف

Ajwaf

### أجوف واوى

Ajwaf Wawi

عین کلمہ "واو" (و) ہو اسے أجوف واوی کہتے ہیں۔

The Fail having "wow" as its second radical is called Ajwaf Wawi.

| | |
|---|---|
| قَامَ (کھڑا ہونا) | نَامَ (او نگھنا/سونا) |
| To stand | To sleep |

### أجوف يائی

Ajwaf Yaee

عین کلمہ یاء (ي) ہو اسے أجوف یائی کہتے ہیں

The Fail having "ya" as its second radical is called Ajwaf Yaee.

| | |
|---|---|
| سَارَ (سفر کرنا/چلنا) | جَاءَ (آنا) |
| To walk | To come |

## أجوف واوی ثلاثی مجردأبواب

أجوف واوی کاسِمِعَ يَسْمَعُ سے استعمال سب سے زیادہ ہے- نَصَرَ يَنْصُرُ سے کم ہے-

Ajwaf Wawi of Baab Samia' Yasma'u is used most and of Baab Nasara Yansuru is used less.

## أجوف یائی ثلاثی مجردأبواب

أجوف یائی کا سَمِعَ يَسْمَعُ سے استعمال سب سے زیادہ ہے- ضَرَبَ يَضْرِبُ سے کم ہے-

Ajwaf Yaee of Baab Samia' Yasma'u is used most and of Baab Daraba Yadribu is used less.

## أجوف فعل کے کلمات کی صورتیں

Ajwaf verb radical's conditions.

| | ما قبل | حرف علت | مابعد(لام كلمة) |
|---|---|---|---|
| 1 | فتح | متحرک | متحرک |
| 2 | ساکن | متحرک | متحرک |
| 3 | فتح یا ساکن | متحرک | ساکن |

 © copy rights reserved 

## قاعدۃ نمبر1:(اسقاط حرکت+ مطابقت)

Rule1: Dropping of Vowel Point+ Co-Ordination

أجوف فعل ماضی میں عین کلمہ حرف علت( و، ي)اگر متحرک ہواور اس کا ما قبل (فاء کلمہ )پر فتحہ ہو تو حرف علت(و،ي)کی حرکت کو اسقاط حرکت کے تحت گرا کر ساکن کر دیتے ہیں اور پھر ما قبل (فاء کلمہ)کی حرکت فتحہ کے مطابق حرف علت(و،ي)کو الف سے بدل دیتے ہیں-

If in Ajwaf Fail Mazi the Ain Kalimah (wow, ya) has a harkah and the preceding letter (Fa Kalimah) has a Fatha, then the harkah on Harf Illah is removed and is made Saakin. Then according to the harkah of Fatha on Fa Kalimah, Harf Illah (wow, ya) is changed into Alif.

ق و م (ن) سے فعل قَوَمَ **اسقاط حرکت** قَوْمَ **مطابقت** کے بعد استعمال شدہ شکل قَامَ (کھڑا ہونا)

ب ی ع (ض)سے فعل بَیَعَ **اسقاط حرکت** بَیْعَ **مطابقت** کے بعد استعمال شدہ شکل بَاعَ (بیچنا/خریدنا)

## قاعدۃ نمبر2:( انتقال حرکت+ مطابقت)

Rule 2: Shifting of Vowel Point + Co-Ordination

فعل مضارع میں عین کلمہ حرف علت(و،ي)اگر متحرک ہواور اس کا ما قبل (فاء کلمہ )ساکن ہو تو حرف علت(و،ي)کی حرکت کو انتقال حرکت قاعدہ کے تحت ما قبل کو منتقل کر دیتے ہیں اور پھر ما قبل (فاء کلمہ)کی حرکت کے مطابق حرف علت(و،ي)کو تبدیل کر دیتے ہیں

If in Ajwaf Fail Mudare the Ain Kalimah (wow, ya) has a harkah and the preceding letter (Fa Kalimah) is Saakin, then the harkah of Harf Illah is transferred to Fa Kalimah and according to this harkah , Harf Illah is changed.

خ و ف (س) سے فعل مضارع یَخْوَفُ **انتقال حرکت** یَخَوْفُ **مطابقت** کے بعد استعمال شدہ شکل یَخَافُ (ڈرنا)

ب ی ع (ض) سے فعل مضارع یَبْیِعُ **انتقال حرکت** یَبِیْعُ **استعمال شدہ شکل** یَبِیْعُ (بیچنا/خریدنا)


© copy rights reserved

## قاعدة نمبر3:( حذف حرف علت)

Rule:3 Dropping of week letter.

أجوف افعال میں تعلیل کے بعد ماضی/مضارع مرفوع/مضارع مجزوم/اورامر حاضر کے مختلف صیغوں میں عین کلمہ حرف علت (و،ي) محذوف ہو جاتا ہے۔

In Ajwaf Afa'al after Ta'leel in different segments of Madi/Mudare Marfoo'/ Mudare Majzoom/Amr Haazir, Ain Kalimah is dropped.

خ و ف (س) سے **فعل مضارع** يَخْوَفُ **انتقال حرکت** يَخَوْفُ **مطابقت** **کے بعد استعمال شدہ شکل** يَخَافُ **(ڈرنا)**

ب ی ع (ض) سے **فعل مضارع** يَبْيِعُ **انتقال حرکت** يَبِيْعُ **استعمال شدہ شکل** يَبِيْعُ **(بیچنا/خریدنا)**

ان کی تفصیل نیچے الگ الگ دی جارہی ہے:۔ The detail is given below:-

فعل ماضی أجوف (معتل العین) میں تعلیل کے بعد (و،ي) حروف علت کی حرکت گرادی جاتی ہے۔اس صورت میں (هُنَّ) کے بعد ضمائر متحرکہ کے (9) صیغوں میں التقاءالساکنین کی وجہ سے حروف علت کو حذف کردیا جاتا ہے۔ باقی پانچ (۵) صیغوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔یعنی دوسرا حرف عین کلمہ حرف علت (و،ي) حذف نہیں ہوگا۔

In Ajwaf Fail Mazi after Ta'leel the harkah on Harf Illah is dropped. In 9 Mutahrik Zamaair after Hunna due to Iltaqae Sakinain Harf Illah is dropped. In the remaining 5 segments there is no change, i.e. the Ain Kalimah is not dropped

﴿إِذَا قُمْتُمْ إِلَى الصَّلَاةِ فَاغْسِلُوا وُجُوهَكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ﴾ (المائدة:6)

"اے ایمان والو! جب تم نماز کے لیے اٹھو تو اپنے منہ دھو لو اور ہاتھ کہنیوں تک"۔

"O you who have believed, when you rise to [perform] prayer, wash your faces and your forearms to the elbows"

 © copy rights reserved 

**أجوف فعل مضارع مرفوع** میں صرف دو مبنی صیغوں (مونث جمع غائب / مونث جمع حاضر) میں ضمائر متحرکہ کی طرف اسناد کرتے وقت بھی دوسرا حرف عین کلمہ حرف علت (و،ي) حذف ہو جائے گا۔ باقی بارہ (12) صیغوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ یعنی دوسرا حرف عین کلمہ حرف علت (و،ي) حذف نہیں ہو گا۔

In Ajwaf Fail Mudare Murfoo' in only two Mabni (fixed) segments (Feminine plural third person and second person) the Harf Illah is dropped. In remaining 12 segments there will be no change,i.e. the Ain Kalimah is not dropped.

يَقُلْنَ تَقُلْنَ / يَنِمْنَ تَنِمْنَ

**أجوف فعل مضارع مجزوم** کے افعال أربع (5صیغوں) میں بھی دوسرا حرف عین کلمہ حرف علت (و،ي) حذف ہو جائے گا۔ باقی نون والے صیغوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ یعنی دوسرا حرف عین کلمہ حرف علت (و،ي) حذف نہیں ہو گا۔

In Ajwaf Fail Mudare Majzoom, in Afa'al Arba'(5 segments) Harf Illah is dropped. In remaining segments with Noon there will be no change, i.e. the Ain Kalimah is not dropped.

﴿قَالَ أَلَمْ أَقُلْ إِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيعَ مَعِيَ صَبْرًا﴾ (الكهف:72)

کہا کیا میں نے تجھے نہیں کہا تھا کہ تو میرے ساتھ صبر نہیں کر سکے گا۔

[Al-Khidh r] said, "Did I not say that with me you would never be able to have patience?'

**أجوف فعل امر حاضر:** کے دو2 صیغوں میں بھی دوسرا حرف عین کلمہ حرف علت (و،ي) حذف ہو جائے گا۔

In Ajwaf Fail Amar, in all six segments Ain Kalimah, Harf Illah is dropped.

﴿قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾ (الناس:1)

کہہ دو میں لوگوں کے رب کی پناہ میں آیا۔

Say, "I seek refuge in the Lord of mankind,'


© copy rights reserved

.

## قاعدة نمبر4:( فاء كلمة حِركت)

Rule:4 Dropping of week letter.

### أجوف ماضی میں فاء کلمہ کے حرکت ضمائر متحرکہ کے ساتھ: Ajwaf Mazi Harkah of Fa Kalimah with Zamaair Mutahrika

آپ پڑھ چکے ہیں کہ جب افعال ضمائر متحرکہ کے ساتھ جڑتے ہیں لام کلمہ ساکن ہو جاتا ہے اور حروف علت کو حذف کر دیا جاتا ہے ان صیغوں میں تعلیل کے بعد فاء کلمہ کے حرکت کو بھی کبھی تبدیل کرنا ہوتا ہے۔اس کا فیصلہ بھی قاعدے کے مطابق ہوتا ہے۔ أجوف الواوی اور أجوف الیاء ماضی کے ضمائر متحرکہ والے (9) صیغوں میں فاء کلمہ کی حرکت کی تبدیلی کا انحصار ابواب کے مطابق کیا جاتا ہے۔

You have learnt that when verbs are attached to vowel led pronouns, the Laam Kalimah (third radical) becomes Saakin and Harf Illah is dropped. In these segments sometimes the harkah (vowel sign) of Fa Kalimah has to be changed. This is decided according to rules. In Ajwaf Wawi and Yaee Mazi the change of vowel sign of Fa Kalimah in 9 segments depends upon the Abwaab.

In Ajwaf Fail Amar, in all six segments Ain Kalimah, Harf Illah is dropped.

## فاء کلمہ کے حرکت کی تبدیلی

Change of harkah of Fa Kalimah

۔اگر فعل أجوف ماضی میں مفتوح العین اور مضارع میں مضموم العین ہو تو ضمائر متحرکہ کی طرف اسناد کرتے وقت اس کا پہلا حرف مضموم ہو جائے گا

If in Ajwaf Ain Kalimah has a Fatha in Mazi and a Damma in Mudare then while connecting it to vowelled pronouns the Fa Kalimah will get a Damma.

قُلْنَ ، قُلْتَ ، قُلْتُمَا ، قُلْتُم ، قُلْتِ ، قُلْتُنَّ ، قُلْتُ ، قُلْنَا

﴿وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَنْ نَصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ﴾ (البقرة:20)

قریب ہے کہ بجلی ان کے آنکھیں اچک لے جب ان پر چمکتی ہے تو اس کی روشنی میں چلتے ہیں۔

The lightning almost snatches away their sight. Every time it lights [the way] for them, they walk therein;


© copy rights reserved

ضمائر ساکنہ کے ساتھ باقی صیغوں میں فاء کی اصلی حرکت (فَتح) برقرار رہے گی جیسے

With unbowelled pronouns in rest of the segments the Fatha on Fa Kalimah will remain.

قَالَ ، قَالَا ، قَالُوا ، قَالَتْ ، قَالَتا

﴿وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلَائِكَةِ إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً﴾ (البقرة:30)

اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا میں زمین میں ایک نائب بنانے والا ہوں۔

And [mention, O Muhammad], when your Lord said to the angels, "Indeed, I will make upon the earth a successive authority.

اگر عین کلمہ مضموم نہ ہو تو پہلا حرف فاء کلمہ مکسور ہو گا جیسے

If Ain Kalimah does not have a Damma then Fa Kalimah will have a Kasrah.

جِئْنَ ، جِئْتَ ، ، جِئْتِ ، جِئْتُنَّ ، جِئْتُ ، جِئْنَا

﴿قَالُوا الْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ﴾ (البقرة:71)

انہوں نے کہا اب تو نے ٹھیک بات بتائی پھر انہوں نے اسے ذبح کر دیا۔

They said, "Now you have come with the truth." So they slaughtered her.

ضمائر متحرکہ کی اوپر کی تمام مثالوں میں نوٹ کریں دوسرا حرف (عین کلمہ) حذف ہو جائے گا التقاء الساکنین کی وجہ سے۔

In all the examples given above it is to be noted the second radical (Ain Kalimah) will be dropped due to Iltaqae Sakinain (two Sakin coming together).

# أجوف فعل امر

Fail Amar from Ajwaf

أجوف سے فعل امر بنانے کے لیے کوئی نیا قاعدہ نہیں ہے فعل مضارع کی تعلیل کے بعد بنایا جاتا ہے

There is no new rule for formation of Fail Amar from Ajwaf. It is formed after Ta'leel (treatment) of Mudare.

(خ و ف) يَخَاوُفُ ← يَخَافْ ← خَافْ ← اسقاط حرف علّة واؤ ← خَفْ

(ب ى ع) يَبْيِعُ ← يَبِيْعْ ← بِيْعْ ← اسقاط حرف علّة ياء ← بِعْ

أجوف فعل امر میں چونکہ پہلا حرف متحرک ہے اس لیے ہمزۃ الوصل کی ضرورت نہیں۔

In Ajwaf as the first letter is Mutahrik, has a harkah, there is no need of Hamzah AlWasl

.

﴿وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا﴾ (البقرة:128)

اور ہمیں ہمارے حج کے طریقے بتادے اور ہماری توبہ قبول فرما۔

And show us our rites and accept our repentance.,

﴿وَقُل رَّبِّ زِدْنِي عِلْمًا﴾ (طه:114)

ور کہہ اے میرے رب مجھے اور زیادہ علم دے۔

and say, "My Lord, increase me in knowledge.


© copy rights reserved